نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے وزیر اعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک فارم میکنا ئزیشن فنانسنگ پروگرام کے تحت کاشتکاروں اور سروس پروائیڈرز میں کمبائن ہارویسٹرز کی چابیاں تقسیم کر دیں

وزیر اعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیح کسانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی ہے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:15اپریل2026:( )وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت زرعی شعبے کی جدید خطوط پر ترقی کے لیے جاری ہائی ٹیک فارم میکنا ئزیشن فنانسنگ پروگرام کے تحت کسانوں اور سروس پرووائیڈرز کو کمبائن ہارویسٹرز کی پہلی کھیپ فراہم کر دی گئی۔اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ملت فیکٹری میں خوش نصیب کاشتکاروں اور سروس پرووائیڈرز میں کمبائن ہارویسٹرز کی چابیاں تقسیم کیں۔اس موقع پر ملت فیکٹری کی انتظامیہ کی جانب سے صوبائی وزیر کو تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی جس میں بتایا گیا کہ گرین ٹریکٹر پروگرامز کے تحت کاشتکاروں کو نمایاں ریلیف ملا ہے جبکہ ملکی ٹریکٹر انڈسٹری کو بھی خاطر خواہ فائدہ پہنچا ہے۔تقریب کے دوران صوبائی وزیر نے جدید ٹریکٹرز اور ہارویسٹرز کا تفصیلی معائنہ کیا جبکہ فیکٹری کے مختلف شعبہ جات،بشمول آلات کی تیاری،اسمبلنگ ہال اور دیگر پیداواری یونٹس کا بھی دورہ کیا۔اس موقع پر سپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب آغا نبیل اختر،ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب زاہد مشتاق میر اور نوید عصمت کاہلوں بھی موجود تھے۔

صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہائی ٹیک فارم میکنا ئزیشن فنانسنگ پروگرام کے تحت اب تک 6700 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پورٹل پر منظور شدہ 5056 درخواستوں میں سے 1139 کسانوں اور سروس پرووائیڈرز کو بلاسود قرض کی منظوری دی جا چکی ہے۔مزید برآں 280 درخواست گزاروں کی بکنگ کے نتیجے میں 102 کو زرعی مشینری فراہم کی جا چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ کسانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی وزیر اعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور زرعی پیداوار میں اضافہ اور لاگت میں کمی کے لیے جدید زرعی مشینری کا استعمال ناگزیر ہو چکا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ زرعی ترقی کے فروغ کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ موجودہ دور کی اہم ضرورت ہے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آ رہے ہیں اور گزشتہ دو برسوں میں 30 ہزار سے زائد زرعی مشینری سبسڈی پر کاشتکاروں کو فراہم کی جا چکی ہے۔انہوں نے مقامی مینوفیکچررز پر زور دیا کہ وہ ہائی ٹیک فارم میکنا ئزیشن کے فروغ کے لیے آگے آئیں اور اس قومی مقصد میں اپنا کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆